**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　　　　　　　اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- آج بھبنیشور میں، موہن چرن ماجھی کو اڈیشہ کے، BJP سے وابستہ پہلے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف دلایا جائے گا۔ اُن کے ساتھ دو نائب وزرائے اعلیٰ کو بھی حلف دلایا جائے گا۔

2- این چندر بابو نائیڈو، چوتھی بار آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔

3- لیفٹیننٹ جنرل اوپیندر دویویدی، فوج کے اگلے سربراہ ہوں گے۔

4- محکمۂ موسمیات نے ملک کے شمالی علاقوں اور کُچھ مشرقی علاقوں میں شدید گرمی سے متعلق اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔

5- روس اور بیلا روس نے، چھوٹے نیوکلیائی ہتھیاروں کی، دوسرے مرحلے کی مشقیں شروع کردی ہیں۔

6- اور آسٹریلین اوپن بیڈمنٹن میں

ایچ ایس پرینوئے، انوپما اپادھیائے اور آکرشی کشیپ، سنگلز کے اپنے اپنے زمروں کے، دوسرے رائونڈ میں داخل ہوگئے ہیں۔

اب خبریں تفصیل سے۔

اوڈیشہ میں نومنتخب وزیراعلیٰ موہن چرن ماجھی کی حلف برداری کی تقریب آج شام بھونیشور میں جنتا میدان میں ہوگی۔ جناب ماجھی کے ساتھ ساتھ دو نائب وزراء اعلیٰ کَنَکْ وردھن سنگھ دیو اور Pravati Parida بھی عہدے کا حلف لیں گے۔ ایسا پہلی مرتبہ ہے کہ نوین پٹنایک کی قیادت والے بیجوجنتادل کے 24 سالہ اقتدار کے خاتمے کے بعد بی جے پی، ریاست میں اپنے بَل بوتے، حکومت تشکیل دے رہی ہے۔ 52 سالہ ماجھی کو کَل شام بی جے پی کے مرکزی مشاہدین، مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ اور بھوپیندر یادو کی موجودگی میں اتفاق رائے سے، بی جے پی قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا تھا۔

بھونیشور کے ہمارے نامہ نگار نے بتایاہے کہ وزیراعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ اور مختلف دیگر مرکزی وزراء جوئل اورم، دھرمیندر پردھان، اشونی ویشنو، بی جے پی کی حکمرانی والی ریاستوں کے وزراء اعلیٰ، حلف برداری کی اِس تقریب میں شرکت کریں گے۔

ایک رپورٹ

**V/C Prakash Dash**

اوڈیشہ میں پہلے بی جے پی وزیراعلیٰ کے طور پر قبائلی رہنما موہن چرن ماجھی کی آج شام حلف برادری کے ساتھ ہی ریاست ایک نئی تاریخ رقم کرنے جارہی ہے۔ 78 پارٹی اراکین اسمبلی اور 3 آزاد قانون سازوں کی حمایت پر مبنی خط گورنر کو سونپے جانے کے بعد گورنر رگھوبر داس نے جناب ماجھی کو حکومت سازی کی دعوت دی ہے۔ جناب ماجھی، دو نائب وزراء اعلیٰ کَنَکْ وردھن سنگھ دیو اور Pravati پری دا کے ساتھ حلف لیں گے۔

کَنَکْ وردھن سنگھ دیو، پٹنہ گڑھ سے جبکہ Pravati پری دا، نیما پاڑا سے رکن اسمبلی ہیں۔ BJPسے تعلق رکھنے والے چار دیگر اراکین اسمبلی بھی آج وزیر کے طور پر حلف لے سکتے ہیں۔

نامزد وزیراعلیٰ ماجھی حلف برداری سے پہلے پوری کے بھگوان جگناتھ مندر کا دورہ کریں گے اور اُن کا آشیرواد لینگے۔

بھونیشور کے جنتا میدان میں ہونے والی تقریب حلف برداری کیلئے سکیورٹی کی خاطر خواہ انتظامات کیے گئے ہیں۔ حلف برادری کی تقریب شام چار بج کر 55 منٹ پر ہوگی۔

تقریب میں وزیراعظم نریندر مودی کے علاوہ کئی مرکزی وزیر بشمول وزیر داخلہ امت شاہ، بی جے پی سربراہ اور رخصت پذیر وزیراعلیٰ نوین پٹنائک اور دیگر سرکردہ رہنما اور صنعتکار شرکت کریں گے۔

حلف برادری کی تقریب کے پیش نظر جنتا میدان کے نزدیک سڑکوں پر دوپہر دو بجے سے شام سات بجے تک ٹریفک کی آمدو رفت کی پابندی عائد رہے گی۔

بھونیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں -------

**ADD Odisha CM**

وزیراعلیٰ کی حیثیت سے منتخب ہونے کے بعد جناب ماجھی نے کہاکہ اُن کی حکومت ریاست کے عوام کی امیدوں کو پورا کرنے کی بھرپور کوشش کرے گی جس کیلئے پہلی مرتبہ انہوں نے بی جے پی کو ووٹ دیا ہے۔

**S/B Mohan Charna Majhi**

**Rev...Andhra Pradesh CM Oath**

تیلگودیسم پارٹی کے سربراہ اور نامزد وزیر اعلیٰ نَر چندر بابو نائیڈو آج آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ کے عہدے کا حلف لیں گے۔ یہ تقریب کرشنا ضلعے میں کیسر پلّی کے مقام پر منعقد کی جائے گی۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ سمیت بہت سی شخصیتیں حلف برداری کی تقریب میں شرکت کریں گی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC- Sri Sai Vempati**

نَر چندر بابو نائیڈو، دن میں 11 بجکر 27 منٹ پر حلف لیں گے۔ یہ تقریب کرشنا ضلعے کے کیسر پلّی آئی ٹی پارک میں منعقد ہوگی۔ اُن کے ساتھ 24 نو منتخبہ ارکان کو بھی وزراء کی کونسل میں حلف دلایا جائے گا۔ جن میں جَن سینا پارٹی کے تین ارکان اور BJP کا ایک رکن بھی شامل ہے۔ چونکہ وزیر اعظم نریندرمودی، وزیر داخلہ امت شاہ BJP صدر اور مرکزی وزیرِ صحت جے پی نڈّا اور بہت سے NDA رہنمائوں کے اِس تقریب میں شرکت کی امید ہے، لہٰذا تقریب کی جگہ زبردست حفاظتی انتظامات کئے گئے ہیں۔ یہ جگہ گنّاورم میں وجئے واڑہ ہوائی اڈے کے نزدیک ہے۔ امید ہے کہ جاپان، سنگاپور اور جنوبی کوریا کے سفارتکار، حلف برداری کی تقریب میں شرکت کریں گے۔

فلمی ستارے چرن جیوی اور رجنی کانت بھی اِس تقریب میں شرکت کریں گے۔ اِس سے پہلے جناب نائیڈو نے 1995 سے 2004 تک متحدہ آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ کا عہدہ سنبھالا تھا اور ریاست کی تقسیم کے بعد 2014 سے 2019 تک یہ عہدہ سنبھالا تھا۔ یہ چوتھی مرتبہ ہے کہ انہیں وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف دلایا جائے گا۔ جناب نائیڈو کا 40 سال کا وسیع سیاسی تجربہ ہے۔ چندر بابو نائیڈو کی سربراہی والی تیلگودیسم پارٹی مرکز میں NDA اتحاد میں ایک اہم رول ادا کررہی ہے۔ امید ہے کہ امراوتی علاقے کو آندھراپردیش کی نئی راجدھانی کے طورپر فروغ دیا جائے گا۔

وجئے واڑہ سے سری سائیں کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں----------

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## J&K Terrorist Killed

جموں وکشمیر میں سکیورٹی فورسز کے ذریعے آمنے سامنے کی فائرنگ میں ایک دہشت گرد ہلاک ہوگیا۔ یہ مڈبھیڑ کَل شام کٹھوعہ میں ہیرانگر سیکٹر کے Saida Sohal علاقے میں ہوئی۔ سکیورٹی فورسز نے مڈبھیڑ کے بعد Saida Sohal گاؤں کے جنگلاتی علاقے میں تلاش کی ایک بڑی کارروائی شروع کی ہے-x

## J&K Reasi Police

جموں وکشمیر میں Reasi پولیس نے Reasi ضلع کے Pouni علاقے میں یاتری بس پر ہوئے حالیہ حملے میں ملوث دہشت گرد کے بارے میں کسی بھی قسم کی معلومات فراہم کرنے کیلئے 20 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا ہے۔

عینی شاہدین سے حاصل معلومات کی بنیاد پر دہشت گرد کی تصویر تیار کی گئی ہے۔ Reasi پولیس نے دیے گئے رابطہ نمبروں پر کسی بھی قسم کی مصدقہ معلومات فراہم کرنے کی عام لوگوں سے اپیل کی ہے۔

یہ نمبر اِس طرح ہیں۔

SSPریاسی نمبر: نو دو، صفر پانچ، پانچ سات، ایک تین، تین دو۔

ASPریاسی نمبرہے: نو چار، ایک نو، ایک ایک، تین ایک، پانچ نو۔

DYSPہیڈکوارٹر ریاسی نمبر ہے، نو چار، ایک نو، ایک تین، تین چار، نو نو

SHOپونی نمبر ہے: سات صفر، پانچ ایک، صفر صفر، تین دو، ایک چار۔

SHO Ransooنمبر ہے، سات صفر، پانچ ایک، صفر صفر، تین دو، ایک تین۔

اور PCR ریاسی نمبر ہے، نو چھ، دو دو، آٹھ پانچ، چھ دو، نو پانچ۔

## Army Chief

لیفٹیننٹ جنرل اوپیندر دویویدی کو، بھارتی فوج کا اگلا سربراہ مقرر کیا گیا ہے۔ وہ اپنے عہدے کی ذمہ داریاں اِس ماہ کی 30 تاریخ کو سنبھالیں گے۔ موجودہ سربراہ  جنرل منوج سی پانڈے، 30 جون کو اپنے عہدے سے سبکدوش ہوجائیں گے۔

لیفٹیننٹ جنرل اوپیندر دویویدی، یکم جولائی 1964 کو پیدا ہوئے تھے اور وہ 15 دسمبر 1984 کو بھارتی فوج کے پیدل دستے 'جموں و کشمیر رائفلز' میں شامل ہوئے تھے۔ اپنی  تقریباً 40 سال کی طویل اور امتیازی خدمات کے دوران انہوں نے مختلف حیثیتوں سے کام انجام دئے۔

اُنہیں پرم وِشِشٹ سیوا میڈل، اتی وِشِشٹ سیوا میڈیل اور جنرل آفیسر کمانڈنگ اِن چیف Commendation Cardsسے نوازا جاچکا ہے۔x

## PIB AYDMS

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے تیسرے '' اَنتر راشٹریہ یوگ دِوس میڈیا سمّان AYDMS ''کا اعلان کیا ہے۔ اِس سال تین زمروں کے تحت 33 ایوارڈس دیئے جائیں گے۔ یہ ایوارڈس 22 بھارتی زبانوں اور انگریزی میں، پرنٹ، ٹیلی ویژن اور ریڈیو زمروں کے تحت دیئے جائیں گے۔

وزارت نے بتایا کہ یہ ایورڈس اُن سبھی میڈیا ہائوسز اور کمپنیوں کو دیئے جاتے ہیں جن کا رجسٹریشن، وزارت میں موجود ہے یا وہ وزارت کی طرف سے منظور شدہ ہیں۔ نامزدگی کی آخری تاریخ 8 جولائی ہے۔

یہ ایوارڈ بھارت اور بیرونِ ملک، یوگ کے پیغام کو عام کرنے میں میڈیا کے مثبت رول اور ذمہ داری نبھانے کے اعتراف میں، 2019 میں شروع کیا گیا تھا۔x

## Russia Belarus Nuke Drill

روس اور بیلاروس کی مسلح فوجوں نے دوسرے مرحلے کی، چھوٹے نیوکلیائی ہتھیاروں کی مشقیں شروع کردی ہیں۔ روس کی وزارت دفاع نے بتایا کہ مشقوں کا مقصد دونوں ملکوں کے Non-Strategicنیوکلیائی ہتھیاروں کے، جنگی استعمال کیلئے، عملے اور ساز و سامان کے یونٹوں کی تیاری کو برقرار رکھنا ہے تاکہ یونین مملکت بیلاروس کی خود مختاری اور علاقائی سا لمیت کو بلا شرط یقینی بنایا جاسکے۔

ایجنسی کی ایک رپورٹ کے مطابق مشقوں کے پہلے مرحلے میں روسی فوجوں نے جنگی تربیت انجام دی تھی جس میں جنگی کارروائی کے چھوٹے میزائل نظام اِسکندر سے متعلق تربیت بھی شامل ہے۔x

## Isreal Palestine

اسرائیلی فوج نے، مغربی کنارے کے شمالی علاقے میں 6 فلسطینیوں کو ہلاک کردیا ہے۔ یہ ہلاکتیں کَل Jenin کے شمال مغرب میں Kafr Dan گائوں میں ہوئیں۔ فلسطین کی وزارتِ صحت نے یہ بات اپنے ایک بیان میں بتائی ہے۔

دوسری طرف اسرائیلی فوج نے بتایا کہ اُس نے آمنے سامنے کی فائرنگ میں 4 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا اور گائوں کے دیگر لڑاکوں کو زخمی کیا۔ فوج کے اِس بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اِس کارروائی کے دوران 4 بندوقیں بھی برآمد کی گئی ہیں۔

اِس سے پہلے برکس کے وزرائے خارجہ نے، روس میں اپنی میٹنگ کے بعد ایک مشترکہ بیان جاری کیا جس میں فلسطین کے مقبوضہ علاقے میں ابتر ہوتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔x

## Yemen Boat Capsized

یمن کے ساحل سے دور ایک کشتی کے ڈوبنے سے، جس پر گنجائش سے زیادہ افراد سوار تھے کم سے کم 49 مائیگرینٹس ڈوب گئے ہیں جبکہ 140 دیگر لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔

مائیگریشن سے متعلق بین الاقوامی تنظیم IOM نے خبردی ہے کہ یمن کے Shabwa صوبے کے ساحل سے دور سمندر میں کشتی کے الٹنے کا ایک واقعہ پیش آیا ہے۔ اِسے افریقہ کے Hornسے یمن تک کے مائیگریشن راستے پر پیش آنے والے سب سے زیادہ ہلاکت خیز واقعے میں سے ایک قرار دیا گیا ہے۔ یہ کشتی اتوار کی صبح سویرے صومالیہ کے ساحلی شہر Bossasoسے الگ ہوگئی تھی۔ اِس پر 90 خواتین سمیت 115 صومالی افراد اور 145 اتھوپیا کے افراد سوار تھے۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے ہماچل پردیش، جموں ڈویژن، اتراکھنڈ، مدھیہ پردیش، ہریانہ اور دلّی سمیت شمالی بھارت کے بیشتر حصوں میں اگلے چار روز کے دوران شدید سے بہت شدید گرمی سے متعلق اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ مغربی بنگال، بہار، جھارکھنڈ اور اترپردیش کے گنگا کے طاس کے کچھ علاقوں میں بھی اگلے تین سے چار روز کے دوران شدید گرمی کا امکان ہے۔

مانسون کے بارے میں IMD نے کہاہے کہ تلنگانہ اور چھتیس گڑھ کے کُچھ اور حصوں میں، اگلے ایک روز میں جنوب مغربی مانسون کے مزید پیش قدمی کرنے کے آثار ہیں۔ شمال مشرقی بھارت اور مغربی بنگال میں بھی اگلے ایک ہفتے کے دوران گرج چمک اور بجلی کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔

بہار، جھارکھنڈ اور اوڈیشہ میں بھی اگلے پانچ روز اور اِس کے بعد بھی اسی طرح کے حالات کا امکان ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے بتایاہے کہ مدھیہ پردیش، ودربھ، چھتیس گڑھ اور جنوبی بھارت کے کچھ حصوں میں اگلے پانچ روز میں گرج چمک، بجلی اور زوردار ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش ہوگی۔x

## Rev Badminton Australian Open

آسٹریلین اوپن بیڈمنٹن BWF سپر 500 مقابلوں میں، خواتین کے سنگلز مقابلوں میں بھارت کی انوپما اپادھیائے اور آکرشی کشیپ، سولہویں راؤنڈ میں پہنچ گئی ہیں۔

انوپما نے ملیشیا کی Wong Ling Ching کو سیدھے سیٹوں میں 21-23، 14-21 کے فرق سے ہرایا جبکہ آکرشی نے یوکرین کی Polina Buhrova کو اکیس گیارہ، اکیس چودہ سے شکست دی۔

خواتین کے دیگر مقابلوں میں سامعہ عماد فاروقی کا مقابلہ چنئی تائپے کی Pai Yu-Po سے ہوگا۔ وہیں Keyura Mopati اور مالویکا بنسوڑ شروعاتی راؤنڈ میں آل انڈین مقابلے کھیلیں گی۔

مردوں کے سنگلز زمرے میں مایہ ناز بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی ایچ ایس پرونئے نے شروعاتی راؤنڈ میں برازیل کے Ygor Coelho کو 10-21، 21-23 کے سیدھے سیٹوں میں آسان شکست دی۔

ایک دیگر میچ میں سمیر ورما کا مقابلہ آسٹریلیا کے Ricky Tang سے ہوگا جبکہ روی، چنئی تائپے کے Lin Chun-Yi کے خلاف کھیلیں گے۔

مردوں کے سنگلز کے 32 راؤنڈ میچوں میں متھن منجوناتھ، کرن جارج، ایس سنکر متھو سوامی سبرامنیم اور رگھو مَری سوامی جیسے بھارتی کھلاڑی اپنے اپنے میچ کھیلیں گے۔

مکسڈ ڈبلز میں تین بھارتی جوڑیاں کھیل رہی ہیں۔ آٹھویں درجہ بندی کے حامل سُمیت ریڈی اور سکّی ریڈی کا مقابلہ شروعاتی میچ میں ملیشیائی جوڑی سے ہوگا جبکہ ترون کونا اور سری کرشنا پریہ Kudaravalli کا مقابلہ دوسری ملیشیائی جوڑی سے ہوگا۔

ایک دیگر میچ میں آیوش راج گپتا اور شرتی سوائن کی جوڑی آسٹریلیائی جوڑی کا سامنا کریں گے۔x

## T-20 World Cup Cricket

مردوں کے ICC کرکٹ عالمی کپ میں بھارت کا مقابلہ آج امریکہ سے ہوگا۔ یہ میچ آج شام نیویارک کے Nassau کاؤنٹی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ دونوں ٹیمیں اب تک ٹورنامنٹ میں ناقابل تسخیر رہی ہیں۔ بھارتی ٹیم نے اب تک پاکستان اور آئرلینڈ کو ہرایا ہے جبکہ امریکہ نے کینیڈا اور پاکستان کو شکست دی ہے۔ بہترین رن ریٹ کی بنا پر بھارت پوائنٹس ٹیبل میں سرفہرست ہے جبکہ امریکہ دوسرے مقام پر ہے۔x

## Tennis Perugia Challenger

اٹلی میں جاری Perugia Challenger ٹینس ٹورنامنٹ میں بھارت کے سُمت ناگل کَل مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ ناگل نے بوسنیا کے ہرزے گووِنا کے Nerman Faticکو 32 راؤنڈ کے میچ میں چھ-دو، سات-چھ کے سیدھے سیٹوں میں ہرادیا۔

اِس جیت کے ساتھ ناگل چار مقام اوپر اٹھ کر اپنے کریئر کی بہترین ATP رینکنگ میں 73 ویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔

پری کوارٹر فائنل میں آج ناگل کا مقابلہ میزبان اٹلی کے Alessandro Gianessi سے ہوگا۔

اس سے پہلے ناگل نے اتوار کے روز جرمنی میں Heilbronner Neckarcup چیلنجر کا خطاب جیتا۔ اس قریبی مقابلے میں ناگل نے سوئٹزر لینڈ کے Alexander Ritschard کو سات-چھ، چھ-ایک سے ہرایا۔x

یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...شبانہ رحمن

شکریہ - اسلم بیگ

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ جناب امت شاہ، ایس جے شنکر اور جے پی نڈّا سمیت وزیراعظم مودی کی نئی حکومت کے مختلف وزراء نے عہدہ سنبھالا، اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اخبار کی پہلی بڑی خبر بنایا ہے۔

جناب اشونی ویشنو نے اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر کی حیثیت سے عہدے کی ذمے داری سنبھالی، اس خبر کو بھی تقریباً سبھی اخباروں نے جگہ دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور راشٹریہ سہارا سمیت کئی اخباروں نے اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ سرکار کا مقصد اقلیتوں کو مرکزی دھارے میں لانا ہے۔

چندربابو نائیڈو اور موہن ماجھی کی بطور وزیراعلیٰ حلف برادری آج، اس خبر کو روزنامہ ملاپ، پرتاپ، انقلاب سمیت کئی اخباروں نے اخبار کے پہلے صفحے کی سرخی بنایا ہے۔

اقوام متحدہ سلامتی کونسل نے جنگ بندی کے منصوبے کو منظوری دی۔ حماس نے بھی تجویز قبول کی۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے اخبار کی پہلی بڑی خبر بنایا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ منصوبے کی تجویز امریکہ نے پیش کی تھی، جس کے حق میں سبھی 14 ووٹ پڑے۔ اس کے خلاف کوئی ووٹ نہیں پڑا۔

یوگی کابینہ کا فیصلہ نئی ٹرانسفر پالیسی سمیت 41 تجاویز کو منظوری۔ روزنامہ پرتاپ اور ملاپ کے ساتھ ساتھ کئی اخباروں نے زراعت کے وزیر شیوراج سنگھ کے کسانوں کی بہبود کی مرکزی وزارت کا عہدہ سنبھالنے کے بعد دیے گئے ان کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ ترقی یافتہ بھارت کیلئے مل کر کام کریں گے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1۔ آج بھبنیشور میں، موہن چرن ماجھی کو اڈیشہ کے، BJPسے وابستہ پہلے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف دلایا جائے گا۔ اُن کے ساتھ دو نائب وزرائے اعلیٰ کو بھی حلف دلایا جائے گا۔

2۔ این چندر بابو نائیڈو، چوتھی بار آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔

3۔ لیفٹیننٹ جنرل اوپیندر دویویدی، فوج کے اگلے سربراہ ہوں گے۔

4۔ محکمۂ موسمیات نے ملک کے شمالی علاقوں اور کُچھ مشرقی علاقوں میں شدید گرمی سے متعلق اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔

5۔ روس اور بیلا روس نے، چھوٹے نیوکلیائی ہتھیاروں کی، دوسرے مرحلے کی مشقیں شروع کردی ہیں۔

6۔ اور آسٹریلین اوپن بیڈمنٹن میں

ایچ ایس پرینوئے، انوپما اپادھیائے اور آکرشی کشیپ، سنگلز کے اپنے اپنے زمروں کے، دوسرے رائونڈ میں داخل ہوگئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------